بموقع: تحفظ سنت کانفرنس

زیر اہتمام: جمعیت علماء ہند

آمین بالجہر

صحیح بخاری میں پیش کردہ دلائل کی روشنی میں

افادات

فخر المحدثین حضرت مولانا سید فخر الدین احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ

سابق صدر المدرسین دار العلوم دیوبند

ترتیب

حضرت مولانا ریاست علی بجنوری

استاذ حدیث دار العلوم دیوبند

ناشر

جمعیۃ علماء ہند

۱ بہادر شاہ ظفر مارگ نئی دہلی ـ ۱۱۰۰۰۲ (انڈیا)

آمین بالجہر

صحیح بخاری میں پیش کردہ دلائل کی روشنی میں

افادات

فخر المحدثین حضرت مولانا سیّد فخر الدین احمد صاحب رحمۃ اللہ

سابق صدر المدرسین دار العلوم دیوبند

ترتیب

حضرت مولانا ریاست علی بجنوری

استاذ حدیث دار العلوم دیوبند

ناشر

جمعیۃ علماء ہند

۱، بہادر شاہ ظفر مارگ، نئی دہلی-۱۱۰۰۰۲ (انڈیا)

پیش لفظ

الحمد للّٰہ رب العالمین و الصلوٰۃ و السلام علی رسولہٖ محمد و علی آلہٖ و صحبہٖ اجمعین. اما بعد!

اتباع سنت کے بلند بانگ دعویٰ کے ساتھ سنت سے انحراف کا جو نمونہ اس دور کے غیر مقلدین پیش کر رہے ہیں اس کا احتساب ضروری ہے۔

علماء امت کا فیصلہ ہے کہ جن اختلافی مسائل میں ایک سے زائد صورتیں سنت سے ثابت ہیں ان میں عمل خواہ ایک صورت پر ہو مگر تمام صورتوں کو شرعاً درست سمجھنا ضروری ہے، اگر کوئی فرد یا جماعت ان مسائل میں اپنے مسلکِ مختار پر اتنا اصرار کرے کہ دوسرے مسلک پر طنز و تعریض، دشنام طرازی اور دست درازی سے بھی باز نہ آئے تو اس کو ناجائز اور حرام قرار دیا گیا ہے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ عبادات کی ظاہری کیفیت میں اختلاف سے پیدا ہونے والے نقصانات کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

(الرابع) التفرق و الاختلاف المخالف للاجتماع و الایتلاف حتی یصیر بعضهم یبغض بعضاً ویعادیه ویحب بعضا ویوالیه علی غیر ذات اللّٰهِ وحتی یفضی الامر ببعضهم الی الطعن و اللعن و الهمز و اللمز وببعضهم الی الاقتتال بالایدی و السلاح و ببعضهم الی المُهاجرة و المقاطعة حتی لایصلی بعضهم خلف بعض، وهذا کله من اعظم الامور التی حرمها اللّٰه ورسوله. (فتاویٰ ابن تیمیہ ج ۲۲، ص ۳۵۷)

چوتھی قسم: وہ فرقہ بندی اور اختلاف ہے جو مسلمانوں کی اجتماعیت اور باہمی محبت کے برخلاف ہو یہاں تک کہ بعض مسلمان، بعض دوسرے مسلمانوں سے بغض و عداوت یا اللہ کی مرضی کے خلاف ان سے محبت اور دوستی کرنے لگیں اور بات یہاں تک پہنچ جائے کہ بعض، بعض کو محض اسی بنیاد پر طعن، لعنت اور طنز و تعریض سے یاد کرنے لگیں اور یہاں تک کہ بعض

بعض کے ساتھ دست درازی اور اسلحہ کے ذریعے باہمی قتال تک پہنچ جائیں اور یہاں تک بعض بعض سے ترکِ تعلق، ترکِ کلام اور بائیکاٹ تک کرڈالیں یہاں تک کہ یہ لوگ ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھنا تک چھوڑ دیں اور یہ سب کام برائی میں اتنے بڑے ہیں جن کو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام قرار دیا ہے۔

آمین بالجہر یا بالسر بھی انھیں مسائل میں ہے جن میں عہدِ صحابہؓ سے دونوں باتوں پر عمل رہا ہے اور ان دونوں پہلوؤں کو ثابت بالسنۃ تسلیم کیا گیا ہے۔ فرق اولیٰ اور غیر اولیٰ یا افضل اور مفضول کا ہے۔ ہر مسلمان کو اپنے امام کے مسلکِ مختار کو راجح قرار دے کر اس کے مطابق عمل کرنا چاہیے اور دوسرے مسلک کو مرجوح سمجھنے کے باوجود ثابت بالسنۃ قرار دینا چاہیے اور محض اس اختلاف کی وجہ سے طنز و تعریض، زبانی بے احتیاطی اور عملی منافرت کی گنجائش نہیں سمجھنی چاہیے۔

اس موضوع پر شائع کیا جانے والا یہ رسالہ فخر المحدثین حضرت مولانا سیّد فخر الدین احمد صاحب قدس سرہٗ (سابق صدر المدرسین دار العلوم دیوبند و سابق صدر جمعیۃ علماء ہند) کے درسی افادات پر مشتمل ہے جس میں حضرتؒ اقدس نے امام بخاریؒ کے پیش کردہ دلائل کی روشنی میں موضوع کی تنقیح کی ہے۔ اور اس موضوع سے متعلق دوسرے دلائل بھی زیرِ بحث آئے ہیں جن سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ شرعاً دونوں پہلو کی گنجائش ہے اور دونوں باتیں ثابت بالسنۃ ہیں۔ حنفیہ کے یہاں آمین بالسر راجح ہے اس لیے حنفیہ کو اسی کے مطابق عمل کرنا چاہیے، جن ائمہ نے آمین بالجہر کو ترجیح دی ہے اُن کا اتباع کرنے والے اپنے مسلک کے مطابق عمل کریں، لیکن کسی فریق کو دوسرے فریق کے بارے میں بدگمانی، بدزبانی یا کسی بھی طرح کی جارحیت اختیار نہیں کرنی چاہیے۔

جمعیۃ علماء ہند اجلاس تحفظ سنت (منعقدہ ۲-۳/مئی ۲۰۰۱ء) کے موقع پر اس رسالہ کو شائع کررہی ہے۔ دعاء ہے کہ پروردگار اپنے فضل و کرم سے اہلِ علم کے درمیان قبولِ عام اور اپنی بارگاہ میں حسنِ قبول سے نوازے اور تمام مسلمانوں کو عقائد و اعمال میں صراطِ مستقیم پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

والحمد للہ اوّلاً و آخراً

ریاست علی غفرلہٗ

باب جهر الامام بالتامين

امام کے آمین کو جہراً کہنے کا بیان

وقال عطاء: آمین دعاء، امّن ابنُ الزبیر ومن وراءَ ہ حتی انَّ للمسجد للجّة، وکان ابو ہریرۃ ینادی الامام: لاتفتنی بآمین وقال نافع: کانَ ابن عمر لایدعہ ویحضُّھُم وسمعتُ منہ فی ذلک خبراً۔

حدثنا عبداللہ بن یوسف، قال: اخبرنا مالک، عن ابن شہاب عن سعید بن المسیّب وابی سلمۃ بن عبد الرحمن انّھما اخبراہ عن ابی ہریرۃ اَن رسول اللہ ﷺ قال: اذا امَّنَ الامام فامنوا فانہ من وافق تامینہ تامین الملائکۃ غفرلہ ماتقدم من ذنبہ، قال ابن شہاب: وکان رسول اللہ ﷺ یقول آمین۔

ترجمہ: عطاء نے کہا کہ آمین دعا ہے، ابن زبیر نے آمین کہی اور ان کے پیچھے لوگوں نے آمین کہی کہ مسجد میں گونج پیدا ہوگئی اور حضرت ابو ہریرہؓ امام کو آواز دے کر یہ کہتے کہ یہ خیال رکھنا کہ میری آمین نہ رہ جائے۔ نافع نے کہا کہ حضرت ابن عمرؓ آمین نہیں چھوڑتے تھے اور لوگوں کو بھی آمین کہنے پر آمادہ کرتے تھے اور میں نے ان سے اس سلسلے میں ایک روایت بھی سنی ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو کیونکہ جس کی آمین فرشتوں کی آمین سے موافق ہوجائے گی، اس کے تمام گذشتہ گناہوں کی مغفرت کردی جائے گی۔ ابن شہاب نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آمین کہتے تھے۔

مقصد ترجمہ: ابھی قرأت کے تراجم کا انداز آپ دیکھتے آرہے ہیں کہ امام بخاریؒ پہلے ترجمہ میں مسئلہ کا ثبوت پیش کرتے ہیں، پھر دوسرے ترجمے میں اوصاف ذکر کرتے ہیں جیسے پہلا ترجمہ باب القراءۃ فی المغرب، پھر دوسرا ترجمہ باب الجھر بقراءۃ

المغرب وغیرہ، اس لیے امام بخاریؒ کو اپنی عادت کے مطابق پہلا ترجمہ امام کے لیے آمین کا عمل ثابت کرنے سے متعلق منعقد کرنا تھا، پھر دوسرے ترجمہ میں امام کے لیے وصفِ جہر کو ثابت کرنا تھا، مگر اس موضوع سے متعلق انھوں نے پہلے ہی ترجمہ میں دونوں باتیں ذکر کر کے اپنا فیصلہ کھول کر بیان کر دیا کہ امام آمین بالجہر کہے گا اس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ ان کو اس مسئلے سے کتنی دلچسپی ہے، امام بخاریؒ نے اپنے مسلک کو مدلل طور پر ثابت کرنے کے لیے چند آثار اور ایک روایت ذکر کی ہے مگر دلائل کی تشریح سے پہلے مسئلہ کی نوعیت اور اس سلسلے میں ائمہ کے مذاہب معلوم کر لیے جائیں۔

مسئلہ کی نوعیت اور بیانِ مذاہب

سورۂ فاتحہ کے بعد آمین کہنا تمام فقہا کے یہاں سنت ہے اور سنت ہونے میں کوئی اختلاف نہیں، البتہ اس سلسلے میں مشہور اختلاف جہر اور سر کا ہے اور وہ اختلاف بھی صرف اولیٰ وغیر اولیٰ کا ہے۔ آمین بالسر بھی ثابت ہے اور اسی پر اکثر امت کا تعامل و توارث ہے اور آمین بالجہر کے ثبوت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا اگر چہ اس پر مداومت ثابت کرنا ممکن نہیں۔

مذاہب اس سلسلے میں یہ ہیں کہ حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک آمین بالسر ہے، اور شوافع وحنابلہ کے نزدیک بالجہر ہے لیکن یہ امام شافعیؒ کا قولِ قدیم ہے، قولِ جدید میں امام شافعی مقتدی کے لیے آمین بالسر کے قائل ہیں۔ امام شافعیؒ کے قولِ جدید کے مطابق مقتدی کے حق میں آمین بالسر پر تین امام متفق ہو گئے اور امام کے حق میں آمین بالسر پر دو بڑے امام متفق ہیں اور یہ مالکیہ کے مشہور مسلک کے مطابق ہے، ورنہ امام مالکؒ، ابن القاسم کی روایت کے مطابق اس کے قائل ہیں کہ آمین کا عمل صرف مقتدی سے متعلق ہے امام کا یہ وظیفہ نہیں۔ امام اعظمؒ سے بھی ایک روایت اسی طرح کی ہے اور امام بخاریؒ امام و مقتدی دونوں کے لیے آمین بالجہر کے قائل ہیں، گویا وہ اس مسئلے میں حنابلہ کے ساتھ ہیں اور اس سلسلے میں انھوں نے جو دلائل پیش کیے ہیں، ان میں چند آثار اور ایک روایت ہے۔

عطاء کا اثر

پہلا اثر حضرت عطاء بن رباح کا ہے جو تابعین میں ہیں، فرماتے ہیں کہ آمین دعاء

ہے، ہم کہہ سکتے ہیں کہ اس اثر سے تو جہر کے بجائے سر ثابت ہوا کہ دعا میں اصل اخفاء ہے۔قرآن کریم میں دعا کے بارے میں اُدعوا ربّکم تضرّعاً و خُفیۃ فرمایا گیا ہے۔امام رازی تفسیر کبیر میں لکھتے ہیں انها تدل علیٰ انه تعالیٰ امر بالدعاء مقرونا بالاخفاء وظاهر الامر الوجوب فان لم یحصل الوجوب فلا اقل من کونه ندبا، آیت دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دعاء کا اخفاء کے ساتھ امر کیا ہے اور امر کا ظاہر وجوب ہے پھر اگر وجوب نہ پایا جائے تو ندب تو ضرور ثابت ہے۔

لیکن یہ بات تو ہماری موافقت میں گئی، امام بخاریؒ تو ترجمہ جہر کا رکھ رہے ہیں، ظاہر ہے کہ ان کا یہ مقصد نہیں ہوسکتا، مشہور ہے کہ امام شافعیؒ، امام ابوحنیفہؒ کے مزار پر گئے تو اس کے قریب کسی مسئلہ میں امام صاحب کے مذہب پر عمل کیا اور فرمایا کہ یہ صاحبِ قبر کا احترام ہے، اس لیے ہم بھی صاحب کتاب کا احترام کرتے ہوئے یہ کہیں گے کہ بخاریؒ کا منشا یہ ہے کہ آمین دعا ہے اور امام داعی ہے کہ وہ اھدنا الصراط (الآیہ) پڑھتا ہے تو دعا میں امام اور مقتدی دونوں کو شریک ہونا چاہیے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ امام مالک سے اس سلسلے میں دو روایات ہیں، ایک روایت میں آمین صرف مقتدی کا حق ہے، امام سے اس کا تعلق نہیں اور دوسری روایت یہ ہے کہ امام اور مقتدی دونوں سراً آمین کہیں، تو امام بخاریؒ کا آمین کو دعا کہنا مالکیہ کی روایت کے خلاف امام کو شریکِ دعا ثابت کرنے کے لیے ہے، گویا اس پہلے اثر سے امام بخاریؒ نے امام اور مقتدی دونوں کا شریکِ آمین ہونا بتایا ہے، جہر اور سر کے مسئلہ سے اس کا تعلق نہیں، پھر جہر کو ثابت کرنے کے لیے دوسرا اثر پیش کیا ہے۔

ابن زبیرؓ کا اثر

اس اثر میں یہ مذکور ہے کہ حضرت ابن زبیرؓ نے مسجد میں آمین کہی اور ان کے پیچھے جو مقتدی تھے انھوں نے بھی آمین کہی، یہاں تک کہ مسجد میں بھی گونج پیدا ہوگئی، یہ اثر مصنف عبدالرزاق اور مسندِ امام شافعیؒ میں موصولاً مذکور ہے اور امام بخاریؒ کی پیش کردہ دلیلوں میں صرف اسی اثر میں جہر کی صراحت ہے گویا اس اثر سے آمین بالجہر کا ثبوت تو مل گیا مگر ثبوت کا کوئی منکر بھی نہیں تھا، بحث تو اولویت واستحباب کی ہے اور اولویت اس اثر سے بھی ثابت نہیں ہوتی اور اس کی وجوہ مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) پہلی بات تو یہ ہے کہ اثر میں ذکر کردہ آمین کا سورۂ فاتحہ کے بعد والی آمین ہونا ضروری نہیں، حضرت علامہ کشمیری قدس سرہٗ نے ارشاد فرمایا کہ یہ اس زمانے کی بات بھی ہوسکتی ہے جب حضرت عبداللہ بن زبیرؓ مکہ مکرمہ میں محصور تھے اور عبدالملک بن مروان کی فوجیں بڑھ رہی تھیں اور دونوں طرف قنوت پڑھا جارہا تھا۔ عبدالملک بھی قنوت پڑھوارہا تھا اور حضرت ابن زبیرؓ بھی قنوت پڑھ رہے تھے اور اس پر آمین کہلوا رہے تھے، فوجوں کا مقابلہ ہے اور اس میں جوش کی کیفیت پیدا ہوجاتی ہے اور اس کی وجہ سے آواز میں جہر کا پیدا ہوجانا فطری بات ہے۔

(۲) دوسری بات یہ ہے کہ اگر اس کو ولاالضالین کے بعد والی آمین مان لیا جائے جیسا کہ مصنف عبدالرزاق وغیرہ میں ہے تو اس سے صرف یہی تو ثابت ہوا کہ حضرت ابن زبیرؓ نے ایسا کیا، گویا جہر کرنا معلوم ہوگیا لیکن بخاریؒ کا مقصد صرف جہر نہیں، بلکہ جہر کی اولویت کا ثبوت پیش کرنا ہے اور وہ مندرجہ ذیل باتوں کی وجہ سے محل نظر ہے۔

(الف) ایک بات تو یہ ہے کہ حضرت ابن زبیرؓ کا یہ عمل احیاناً معلوم ہوتا ہے، بخاریؒ کے ذکر کردہ اثر میں صرف اَمَّنَ ہے جس سے تکرار بھی ثابت نہیں ہوتا ہے لیکن اگر دوسرے طرق کی بنیاد پر کہ ان میں کان ابن الزبیر یؤمن آیا ہے یہ بھی تسلیم کرلیا جائے کہ انھوں نے باربار یہ عمل کیا تو ظاہر ہے کہ اس سے دوام و استمرار تو ثابت نہیں ہوگا، اس لیے یہی کہا جائے گا کہ انھوں نے تعلیم کی مصلحت سے بار بار ایسا کرکے دکھلایا تاکہ یہ سنت مرجوحہ بھی زندہ رہے بالکل ختم نہ ہوجائے، جیسا کہ رفع یدین کے بارے میں حضرت ابن عمرؓ کے طرزِ عمل کی وضاحت میں یہ بات گذر چکی ہے۔

(ب) دوسری بات یہ ہے کہ حضرت ابن زبیرؓ صغارِ صحابہ میں ہیں، ہجرت کے بعد اوَّلُ مَوْلُودٍ فی المدینة کہلاتے ہیں، گویا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت ان کی عمر دس- گیارہ سال تھی۔ انھوں نے آمین بالجہر کا عمل کیا، اب اس کے ساتھ یہ غور کرنا چاہیے کہ عہدِ رسالت میں خلافتِ راشدہ میں اور کبارِ صحابہ جیسے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت علیؓ کے یہاں اس طرح کی آمین کا ثبوت نہیں ملتا تو اس کا صاف مطلب یہی ہے کہ ان تمام حضرات کے خلاف عمل اختیار کرنے میں کوئی مصلحت ہے اور وہ تعلیم ہوسکتی ہے، مثلاً حضرت عبداللہ بن زبیرؓ سے بسم اللہ

الرحمن الرحیم کے جہراً پڑھنے کا اثر منقول ہے، حافظ زیلعی نے اس کی مصلحت یہ بتائی ہے قال ابن الهادی اسناده صحیح لكنه یحمل علی الاعلام بان قراء تها سنة فان الخلفاء الراشدین كانوا یسرون بها فظن كثیر من الناس ان قراء تها بدعة ابن الہادی نے کہا کہ حضرت ابن زبیرؓ کا جہر بسم اللہ کا اثر صحیح ہے لیکن یہ لوگوں کو اس چیز سے باخبر کرنے پر محمول ہے کہ بسم اللہ کا پڑھنا بھی سنت ہے کیونکہ خلفاء راشدین اس کو سراً پڑھتے تھے تو کتنے ہی حضرات اس کے پڑھنے کو بدعت سمجھنے لگے تھے بالکل یہی بات آمین بالجہر کی بھی ہے کہ اس کا رواج ہی نہیں تھا تو عبداللہ بن زبیر نے جہراً پڑھ کر لوگوں کو باخبر کیا کہ ایسا کرنا بھی جائز ہے، تعلیم کے لیے بعض چیزوں کا جہراً پڑھنا صحابہ کرام سے ثابت ہے جیسا کہ پچھلے باب میں حضرت عمرؓ کے ثناء وغیرہ کا ذکر آیا تھا۔

(ج) اور تیسری قابل غور بات یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کے جس اثر سے امام بخاریؒ اولویت ثابت کرنا چاہتے ہیں، یہ اثر امام شافعی کی مسند میں موجود ہے اور ان کے مذہب کی وضاحت یہ ہے کہ امام شافعیؒ قولِ قدیم میں آمین بالجہر کے قائل بھی ہیں، لیکن اس اثر کے باوجود انھوں نے قولِ جدید میں مقتدی کے حق میں آمین بالجہر سے رجوع کیا، رجوع کرنا بتارہا ہے کہ امام شافعی کے نزدیک بھی اس سے اولویت ثابت نہیں ہے۔

خلاصہ یہ ہوا کہ امام بخاریؒ کے پیش کردہ دلائل میں صرف ابن زبیرؓ کے اثر سے جہر ثابت ہوتا ہے لیکن اوّلاً تو اس کا ولا الضالین کے بعد کی آمین سے متعلق ہونا ضروری نہیں اور اگر اس سے متعلق مان لیں تب بھی اس سے نفسِ جہر کا ثبوت ملا، اولویت کا ثبوت نہیں ملا جو امام بخاریؒ کا مقصد تھا۔

حضرت ابوہریرہؓ کا اثر

اس کے بعد حضرت ابوہریرہ کا اثر ہے، اس اثر کا بھی جہر اور سر سے کوئی تعلق معلوم نہیں ہوتا۔ اس سے صرف آمین کی فضیلت نکلتی ہے، بخاریؒ کے پیش کردہ الفاظ میں تو صرف اتنا ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ امام کو آواز دے کر یہ فرماتے کہ دیکھو اس کا خیال رکھنا کہ

میری آمین نہ رہ جائے، دیگر روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اس وقت کی بات ہے جب مروان نے حضرت ابو ہریرہ کو مؤذن بنایا، مروان نماز شروع کرنے میں عجلت کرتا تھا تو حضرت ابو ہریرہؓ نے یہ شرط رکھی کہ دیکھئے ایسا نہ ہو کہ میں اذان کہہ کر اُترنے بھی نہ پاؤں اور آپ نماز شروع کر دیں اور میری آمین رہ جائے، اسی طرح کی شرط حضرت ابو ہریرہؓ نے بحرین میں اذان کی خدمت قبول کرتے وقت رکھی تھی، بحرین میں حضرت علاء بن الحضرمی امام تھے۔

قرأت خلف الامام کے قائلین حضرت ابو ہریرہؓ کو اپنی صف میں لانے کے لیے یہ مطلب بیان کرتے ہیں کہ چونکہ حضرت ابو ہریرہ امام کے پیچھے قرأت کرتے تھے اس لیے وہ امام سے یہ شرط لگا رہے ہیں کہ دیکھئے آپ سورۂ فاتحہ کی قرأت سے اگر مجھ سے پہلے فارغ ہو گئے اور آپ نے آمین کہہ دیا تو میں ابھی سورۂ فاتحہ میں مشغول ہوں گا اور آمین میں میری موافقت فوت ہو جائے گی۔ اس لیے میری شرط یہ ہے کہ آپ میرا انتظار کریں گے اور جب یہ سمجھیں گے کہ ابو ہریرہؓ فارغ ہو گیا ہے تب آمین کہیں گے لیکن اس طرح کی باتوں سے کیا ہوتا ہے؟ سوال یہ ہے کہ اگر حضرت ابو ہریرہؓ کو فاتحہ پڑھنے کی فکر ہے، تو انھیں یہ شرط لگانی چاہیے تھی لاتسفتنی بام الکتاب ، روایت تو یہ بتا رہی ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ کو سورۂ فاتحہ کی فکر نہیں، آمین کی فکر ہے۔

بہر حال حضرت ابو ہریرہؓ کی شرط سے یہ بات معلوم ہوئی کہ وہ مقتدی ہونے کی حالت میں آمین کا اہتمام کرتے تھے، لیکن سراً کرتے تھے کہ جہراً کرتے تھے تو روایت میں اس سلسلے میں کوئی صراحت نہیں، ہوسکتا ہے کہ امام کے ولا الضالین پر پہنچنے سے آمین کے وقت کا تعین ہو اور اسی وقت امام بھی سراً آمین کہے اور مقتدی بھی سراً آمین کہیں اور یہ بھی احتمال ہے کہ امام بھی جہراً آمین کہے اور مقتدی بھی جہراً کہے اور شاید اسی احتمال ثانی کی بنیاد پر امام بخاریؒ نے اس اثر کو ذکر فرمایا۔

حضرت نافعؒ کا اثر

حضرت نافعؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ آمین کا بڑا اہتمام فرماتے تھے، نہ خود چھوڑتے تھے نہ دوسروں کو چھوڑنے کی گنجائش دیتے تھے اور میں نے اُن سے اس سلسلے میں

ایک حدیث سنی ہے، ظاہر ہے کہ اس اثر میں بھی نہ جہر کی صراحت ہے، نہ سر کی، بلکہ اس اثر میں تو یہ بھی صراحت نہیں کہ اس کا تعلق نماز والی آمین سے ہے یا خارجِ صلوٰۃ میں دعاؤں میں کہی جانے والی آمین سے ہے، حافظ ابن حجر بھی اس کو جہر یا سر سے متعلق نہ کر سکے اور یہ فرمایا کہ اس اثر کی مناسبت یہ ہے کہ ابن عمر فاتحہ کے اختتام پر آمین کہا کرتے تھے اور یہ بات امام اور مقتدی دونوں کو عام ہے، گویا انھوں نے اس اثر سے امام مالکؒ اور امام اعظمؒ کی اس روایت کے خلاف استدلال کیا جس میں آمین کا تعلق صرف مقتدی سے بتایا گیا ہے امام سے نہیں۔

زیادہ سے زیادہ امام بخاریؒ کے دعوے جہر پر استدلال اس طرح کیا جا سکتا ہے کہ آمین کے سلسلے میں حضرت ابن عمر کا اہتمام نافع کو جہر ہی کی وجہ سے معلوم ہوا ہوگا۔ اگر وہ جہر نہ فرماتے تو نافع کو کیسے معلوم ہوتا، مگر یہ بات صرف احتمال کے درجہ میں ہے، اس لیے اس سے استدلال کرنا کمزور بات ہے۔

تشریح حدیث

امام بخاریؒ کے پیش کردہ آثار میں حضرت ابن زبیرؓ کے اثر کے علاوہ کسی میں جہر کی تصریح نہیں بالکل یہی حال امام بخاریؒ کی پیش کردہ روایت کا ہے کہ اس میں جہر یا سر کی کوئی صراحت نہیں، صرف یہ فرمایا گیا ہے کہ جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو اس لیے کہ جس کی آمین فرشتوں کی آمین سے موافقت کر جائے گی تو اس کے پچھلے سب گناہ معاف ہو جائیں گے، روایت کا اصل مقصود تو آمین کی فضیلت کا بیان ہے اور مقتدی کو آمین کی ترغیب دی جا رہی ہے اور جہر و سر کا مسئلہ نہ صراحۃً مذکور ہے، نہ اصالۃً مقصود ہے۔

لیکن امام بخاریؒ کے ذوق کی رعایت سے، اس روایت سے آمین بالجہر پر استدلال اس طرح کیا جا سکتا ہے کہ **اذا امّن الامام فامنوا** میں اَمَّنَ کا ترجمہ **اذا قال الامام آمین** ہے اور اس ترجمہ کے مطابق مقتدی کی آمین کو امام کی آمین پر محول کیا گیا ہے، اس لیے امام کی آمین کو بالجہر ہونا چاہیے تا کہ مقتدیوں کو امام کی آمین کا علم ہو جائے، جہر نہ ہونے کی صورت میں مقتدی کو امام کے آمین کہنے کا وقت کیسے معلوم ہوگا؟

امام بخاریؒ کے استدلال کا جائزہ

یہ استدلال کسی درجہ میں معقول تھا اور اس کو قابل قبول قرار دیا جا سکتا تھا بشرطیکہ امام کی آمین کے علم کا کوئی اور ذریعہ نہ ہوتا اور امام کے آمین کہنے کے وقت کی تعیین کے لیے کوئی اور طریقہ نہ بتایا گیا ہوتا، لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ دوسری روایات میں اس کا طریقہ صراحت کے ساتھ بتا دیا گیا ہے، بخاریؒ ہی کی روایت میں ہے کہ **اذا قال الامام غیر المغضوب علیهم ولا الضآلین فقولوا آمین** کہ جب امام **غیر المغضوب علیهم ولا الضآلین** کہے تو تم آمین کہو، اس روایت سے بشرطِ انصاف یہ معلوم ہوتا ہے کہ امام کو آمین کا جہر نہیں کرنا ہے کیونکہ حوالہ میں یہ نہیں کہا جا رہا ہے کہ جب امام آمین کہے تو تم آمین کہو بلکہ یہ کہا جا رہا ہے کہ جب امام **ولا الضآلین** کہے تو تم آمین کہو، معلوم ہوا کہ امام کو آمین کا جہر نہیں کرنا ہے ورنہ حوالہ امام کی آمین کا دیا جاتا، نیز یہ کہ نسائی وغیرہ میں بہ سند صحیح حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے **اذا قال الامام غیر المغضوب علیهم ولا الضآلین فقولوا آمین فان الملائکة تقول آمین، و ان الامام یقول آمین** اگر امام کا آمین کہنا جہراً ہوتا تو امام کے عمل کو ظاہر کرنے کے لیے **ان الامام یقول آمین** کہنے کی ضرورت نہیں تھی۔

روایت پر غور کرنے کا ایک اور طریقہ

اس مضمون کو واضح طور پر سمجھنے کا ایک اور طریقہ ہے کہ اس موضوع پر حضرت ابو ہریرہؓ کی دو روایتیں ہیں، ایک روایت **باب اذا امّن الامام** الخ اور دوسری روایت **اذا قال الامام غیر المغضوب علیهم ولا الضآلین** الخ جو بخاریؒ میں آ رہی ہے، دیکھنا یہ ہے کہ ان روایات میں مقصود بالذات کے طور پر کس مضمون کو بیان کیا گیا ہے اور ثانوی درجہ میں ان سے کیا سمجھا جا سکتا ہے۔

پہلی روایت ایک مستقل روایت ہے اور اس میں جو بات مقصود بالذات ہے وہ آمین کی اس فضیلت کا بیان ہے کہ جس کی آمین فرشتوں کی آمین سے موافق ہو جائے گی اس کے گناہوں کی مغفرت کر دی جائے گی، دوسرے درجے میں مقتدیوں کو آمین کے اہتمام

کی تاکید ہے کہ یہ صیغۂ امر انہی کو مخاطب کیا گیا ہے، امام کی آمین کسی بھی درجے میں مقصود نہیں، اس کا ذکر تو محض تمہید کے طور پر آ گیا ہے کہ مقتدیوں کو اس عمل میں امام کی موافقت کرنی چاہیے، یہی وجہ ہے کہ یہ روایت ان فقہاء کا مستدل ہے جو یہ کہتے ہیں کہ آمین صرف مقتدی کا وظیفہ ہے امام کا نہیں، اور وہ اذا امّن الامام کا ترجمہ یہ کرتے ہیں کہ امام جب آمین کی جگہ پر پہنچے، یعنی و لا الضالین کہے تو مقتدیوں کو آمین کہنا چاہیے۔

اور دوسری روایت کوئی مستقل روایت نہیں، بلکہ حدیث اہتمام کا جز ہے جس میں مقتدی کو امام کی متابعت کی تفصیلات بتانا مقصود بالذات ہے اور ان میں ایک جزیہ ہے کہ جب امام و لا الضآلین کہے تو تم آمین کہو، اس لیے مسئلہ آمین کے بارے میں پہلی روایت کے بجائے یہی دوسری روایت اصل ہے اور اس روایت میں امام کے آمین کہنے کا ذکر ہی نہیں اس میں صرف یہ فرمایا گیا ہے کہ جب امام و لا الضآلین کہے تو مقتدی آمین کہے، چنانچہ اسی روایت سے استدلال کرتے ہوئے مالکیہ کے یہاں ابن القاسم کی روایت کے مطابق امام کے لیے آمین نہیں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس روایت میں امام اور مقتدی کے وظیفہ کی تقسیم کی گئی ہے کہ امام یہ عمل کرے اور مقتدی یہ عمل کرے۔ مؤطا امام مالک میں یہ دونوں روایات موجود ہیں اور ان پر عنوان دیا گیا ہے التامین خلف الامام اس عنوان میں نہ امام کا ذکر ہے، نہ جہر کا۔

اس طریقے سے روایات پر غور کرنے کے بعد یہ واضح ہو جاتا ہے کہ امام بخاریؒ جس روایت سے امام کے لیے آمین بالجہر پر استدلال کر رہے ہیں، اس روایت میں امام کے لیے جہراً آمین کہنا تو کیا ثابت ہوتا، امام کے لیے آمین کا ثبوت ہی محل نظر ہے، لیکن بات یہیں ختم نہیں ہو جاتی، امام بخاریؒ کے موقف پر اسی روایت سے ایک اور طریقہ پر استدلال کیا گیا ہے، اس کا ذکر کر دینا بھی مناسب ہے۔

امام بخاریؒ کے موقف پر دوسرا استدلال

استدلال کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ روایت میں اذا امّن الامام فامّنو افرمایا گیا ہے جو حقیقت پر محمول ہے اور اس کا ترجمہ اذا قال الامام آمین فقولوا آمین ہے اور مقتدی کے لیے قولوا آمین بخاریؒ ہی کی دوسری روایت میں موجود ہے اور ضابطہ یہ ہے کہ جب

کسی مخاطب سے مطلق قول طلب کیا جاتا ہے تو اس کو جہر پر محمول کیا جاتا ہے، جہر مراد نہ ہو بلکہ قول کو سر یا حدیث نفس پر محمول کرنا ہو تو قول کو مطلق نہیں رکھا جاتا بلکہ ایسی قید لگائی جاتی ہے جس سے جہر کا شبہ نہ ہو اور سر یا حدیث نفس کے معنی راجح ہو جائیں اور یہاں چونکہ مقتدی کو قولوا کہہ کر مخاطب کیا جارہا ہے اس لیے مطلب یہ ہوگا کہ مقتدی بالجہر آمین کہے اور جب مقتدی کی آمین بالجہر ہے تو امام کی آمین بھی بالجہر ہونی چاہیے۔

لیکن حقیقت یہ ہے کہ جو ضابطہ پیش کیا گیا ہے کہ خطاب کے موقع پر مطلق قول کے معنی جہر کے ہوتے ہیں، یہ برائے گفتن ہی معلوم ہوتا ہے، اس پر نہ تو امام بخاری عمل پیرا ہیں اور نہ شوافع۔ دیکھیے روایت میں آتا ہے **اذا قال الامام سمع الله لمن حمده فقولوا اللهم ربنا لک الحمد** (مشکوٰۃ، ص ۸۲) جب امام **سمع الله لمن حمده** کہے تو تم **اللهم ربنا لک الحمد** کہو، یہاں "**قولوا**" کہہ کر خطاب کیا گیا ہے، مطلق قول ہے، موقع خطاب کا ہے، اور اخفاء کے لیے کوئی قید نہیں، ضابطہ کے مطابق مقتدی کو **اللهم ربنا الخ** جہراً کہنا چاہیے حالانکہ جہر کسی کا مسلک نہیں، اسی طرح تشہد کے بعد درود شریف کے سلسلے میں روایات میں آتا ہے، صحابہؓ نے پوچھا **کیف نصلی علیک** ہم درود شریف کیسے پڑھیں تو آپ نے فرمایا **قولوا اللهم صلی علی محمد الخ** یہاں بھی مطلق قول ہے، موقع خطاب کا ہے اس ضابطہ کے مطابق **اللهم صلی علی محمد الخ** کو جہراً پڑھنا چاہیے، لیکن اس کے قائل نہ امام بخاری ہیں اور نہ شوافع۔

استدلال کی مزید تنقیح

باب کے تحت دی گئی روایت سے آمین بالجہر پر استدلال مشکل نظر آتا ہے، تاہم امام بخاریؒ کے ذوق کے مطابق استدلال کے جو دو طریقے ہو سکتے ہیں ان کو بیان کر دیا گیا، آپ نے دیکھا کہ ان دونوں طریقوں میں اَمّن کا ترجمہ، حقیقت پر محمول کر کے "قال آمین" کیا گیا ہے، لیکن حقیقت پر محمول کرنا متعدد وجوہ سے محل نظر ہے:

الف: امن کا یہ ترجمہ جہر اور سر دونوں صورتوں پر یکساں طور پر منطبق ہے، اس لیے کسی ایک جانب کی ترجیح کے لیے استدلال کرنا تحکم ہے۔

ب: نیز یہ کہ اسی موضوع کی دوسری روایت **اذا قال الامام غیر المغضوب علیهم**

الخ سے اَمَّن کے معنی حقیقی مراد لینے کی تائید نہیں ہوتی، کیونکہ اس دوسری روایت میں امام کے آمین کہنے کا ذکر ہی نہیں ہے اور اسی لیے مالکیہ نے آمین کے عمل کا امام سے متعلق ہونا تسلیم نہیں کیا ہے لیکن اگر دیگر روایات کی بنا پر اس کو امام سے متعلق مانا جائے تو اتنی بات تو بالکل واضح ہے کہ امام کے اس عمل کو جہراً کرنے کا ثبوت بہر حال روایت میں نہیں ہے۔

ج: مزید کہ اذا امّن الامام فامّنو کو حقیقت پر محمول کرنے کی صورت میں روایت کے مقصد اصلی پر روایت کی دلالت کمزور ہو جاتی ہے، اصل مقصود یہ ہے کہ ملائکہ کی آمین سے توافق مطلوب ہے اور اس کے لیے یہ ہدایت کی جا رہی ہے کہ امام و مقتدی کی آمین میں بھی وقت میں توافق ہونا چاہیے، اور اسی لیے یہ بتایا گیا ہے کہ امام کی آمین کا وقت ولا الضآلین کے بعد ہے، اسی وقت میں مقتدیوں کو آمین کا اہتمام کرنا چاہیے۔ اور اذا امّن الامام فامّنوا کو حقیقت پر محمول کریں تو مفہوم یہ ہوگا کہ پہلے امام آمین کہے، اور ''فاء'' کے تعقیب مع الوصل کے تقاضے میں امام کے فوراً بعد مقتدی آمین کہیں، ظاہر ہے کہ اس صورت میں امام و مقتدی کا توافق باقی نہیں رہے گا اور اصل مقصود یعنی امام و مقتدی کی تامین ملائکہ سے موافقت پر روایت کی دلالت کمزور ہو جائے گی۔ اسی بات کو علامہ سیوطیؒ نے تنویر الحوالک میں لکھا ہے اوّلوا قوله ''اذا امّن'' علی انّ المراد اذا اراد التامین لیقع تامین الامام والماموم معاً فانّه یستحب فیه المقارنة یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد اذا امّن کی تاویل اذا اراد التامین ہے تاکہ امام اور مقتدی کی آمین کے ساتھ ساتھ ہو اس لیے کہ اس عمل میں مقارنت مستحب ہے اور اسی لیے شارحینِ حدیث نے عام طور پر اذا امّن کو معنی حقیقی پر حمل نہیں کیا، امام نووی شافعیؒ لکھتے ہیں و اما روایة اذا امّن فامّنوا فمعناها اذا اراد التامین (نووی ج۱، ص۱۷۶) قسطلانی نے بھی امّن کا مطلب اذا اراد التامین لکھا ہے۔

امام بخاریؒ کے استدلال کی تنقیح یہ ہوئی کہ اگر امّن کو حقیقت پر مبنی کیا جائے تو آپ نے دیکھا کہ استدلال متعدد وجوہ کی بنیاد پر محل نظر اور ناقابلِ قبول رہتا ہے اور اگر مجازی معنی پر محمول کیا جائے تب تو استدلال اور زیادہ کمزور ہو جاتا ہے کیونکہ اس صورت میں

روایت میں امام کے آمین کہنے کا مضمون باقی نہیں رہتا، صرف امام کے آمین کا ارادہ کرنے کا ذکر باقی رہتا ہے، رہا یہ کہ وہ ارادہ کرنے کے بعد آمین جہراً کہے گا یا سراً تو روایت اس سے بالکل ساکت ہے۔ اس گفتگو کا حاصل یہ نکلا کہ اذا امّن کو حقیقت پر محمول کریں یا مجاز پر اس سے امام کے لیے آمین بالجہر پر استدلال ناتمام ہے۔ البتہ حقیقت پر محمول کرنا امام بخاریؒ کے استدلال کے لیے بہتر ہے۔

ابن شہابؒ زہری کا قول

روایت کے بعد امام بخاری نے ابن شہاب زہریؒ سے نقل کیا ہے وکان رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول آمین اس قول کو نقل کر کے امام بخاریؒ نے یہ ثابت کیا ہے کہ امّن حقیقی معنی پر محمول ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم آمین کہا کرتے تھے، اور اس سے جہر پر استدلال کا طریقہ وہی ہے جو گذر گیا کہ آپ جہر نہ کرتے تو دوسروں کو علم کیسے ہوتا؟ لیکن یہ بات بیان کی جا چکی ہے کہ یہ استدلال اس وقت قابل قبول ہو سکتا ہے کہ جب علم کا کوئی ذریعہ نہ ہو، دوسرے یہ کہ اس طرح کی تعبیر نماز میں پڑھی جانے والی مختلف تسبیحات کے سلسلے میں صحیح روایت میں موجود ہے اور ان سے جہر مراد نہیں لیا گیا، مثلاً کان یقول فی رکوعه سبحان ربی العظیم وفی سجوده سبحان ربی الاعلیٰ اور ان تسبیحات میں جہر کسی کا مسلک نہیں حالانکہ یہاں بھی کان یقول ہی فرمایا گیا ہے، اس لیے امام زہریؒ کے قول سے بھی امام بخاریؒ کے موقف پر استدلال کے لیے کوئی مضبوط قرینہ ہاتھ نہیں آیا۔

یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ قرأت خلف الامام کی بحث میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت میں فانتهی الناس عن القراءة مع رسول الله صلی الله علیه وسلم آیا تھا تو وہاں یہ بحث شروع ہوگئی تھی کہ یہ جملہ امام زہریؒ کا ہے، اس لیے اس کی کیا اہمیت ہے؟ اور یہاں امام زہریؒ کی بات سے تقویت مل رہی ہے تو اس سے استدلال کیا جا رہا ہے، ہم امام زہریؒ کی بات سے استدلال کریں تو گنہگار کہلائیں اور آپ ان کی بات سے استدلال کریں تو سنت کے علم بردار بن جائیں، یہ کہاں کا انصاف ہے؟

آمین کے بارے میں دیگر روایات

امام بخاریؒ کے ذکر کردہ آثار و روایات پر گفتگو تمام ہوئی اور یہ واضح ہو گیا کہ امام بخاریؒ کے پاس امام کے حق میں آمین بالجہر کو ثابت کرنے کے لیے کوئی صریح روایت نہیں ہے، اگر ان کے پاس کوئی روایت ہوتی تو اس مسئلہ سے ان کی بے پناہ دلچسپی کا تقاضہ تھا کہ وہ اس کو ضرور ذکر کرتے۔ ان کے دلائل میں صرف عبداللہ ابن زبیرؓ کے اثر میں جہر کا تذکرہ ہے مگر یہ بیان کیا جا چکا ہے کہ اس سے زیادہ سے زیادہ جواز ثابت ہو سکتا ہے اولویت نہیں، اس کے علاوہ ان کے ذکر کردہ آثار و روایات میں سے کسی میں بھی جہر کی صراحت نہیں، اور جن اشارات سے ان کے موقف پر استدلال کیا جا سکتا ہے ان سے مقصد برآری مشکل ہے۔ سابق میں کی گئی مختصر بحث سے بخوبی اس کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

نیز یہ کہ ذخیرۂ احادیث میں اس موضوع پر نظر ڈالنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول آمین بالجہر کا نہیں تھا، اگر آپ کا معمول جہر کا ہوتا تو روزانہ جہری نمازوں میں بار بار کیے جانے والے اس وجودی عمل کے نقل کرنے والے کہیں زیادہ ہوتے اور اس سلسلے میں صحابۂ کرام کے درمیان کوئی اختلاف نہ ہوتا، خلفاء راشدین اور کبار صحابہؓ کا عمل بھی آمین بالجہر ہی ہونا چاہیے تھا جبکہ صورتِ حال یہ ہے کہ خلفاء راشدین میں حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ سے اور کبار صحابہ میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے اخفاء کا عمل صراحت کے ساتھ منقول ہے، اور جن کبار صحابہؓ سے اس سلسلے میں کوئی عمل منقول نہیں تو اس کی وجہ بظاہر یہی ہے کہ اخفا ایک غیر وجودی عمل ہے جسے نقل کیا جانا غیر ضروری ہے۔ اور صحابۂ کرام کی اکثریت کے اخفاءِ آمین پر عمل پیرا ہونے کی بات محض دعویٰ نہیں ہے، بلکہ اس حقیقت کا فریق ثانی کے اکابر علماء کو بھی اعتراف ہے، الجوہر النقی میں ابن جریر طبری کا قول نقل کیا گیا ہے جس میں خفضِ صوت کے بارے میں کھلے لفظوں میں یہ فرمایا گیا ہے، اذ کان اکثر الصحابة والتابعین علی ذلک (سنن البیہقی، ج۲، ص۸۵) اکثر صحابہ و تابعین اخفاءِ آمین پر عمل پیرا تھے۔ اس لیے اگر کسی روایت سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آمین کو جہراً کہنے کا اشارہ یا ثبوت مل بھی جاتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ یا تو وہ صحابۂ کرام کے عام طور پر علم میں نہیں آیا، یا انھوں نے اس عمل کو اتفاق، یا

تعلیم جیسی مصلحت پر محمول کیا، اور اس کو اپنا عام معمول نہیں بنایا۔
اس موضوع کو مزید روشنی میں لانے کے لیے مختلف روایات کو ذکر کرنا ضروری تھا، لیکن تطویل سے بچتے ہوئے صرف دو روایتوں کا ذکر کردینا مناسب ہے جن میں ایک روایت حضرت سمرہؓ بن جندب کی ہے اور دوسری حضرت وائل بن حجرؓ کی۔

حضرت سمرہؓ بن جندب کی روایت

ابوداؤد اور حدیث کی دوسری کتابوں میں حضرت سمرہؓ بن جندب کی روایت موجود ہے، محدثین کے اصول کے مطابق روایت کو صحیح قرار دیا گیا ہے، اس روایت کا حاصل یہ ہے کہ سمرہؓ بن جندب اور عمران بن حصین کے درمیان مذاکرہ ہوا، حضرت سمرہؓ نے بیان کیا کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دو سکتے یاد ہیں۔ ایک سکتہ تکبیر تحریمہ کے بعد تھا اور دوسرا سکتہ **اذا فرغ من قراءۃ غیر المغضوب علیھم و لا الضآلین** یعنی جب آپ **غیر المغضوب علیھم و لا الضآلین** پڑھ کر فارغ ہو جاتے تو سکتہ فرماتے تھے۔ حضرت عمران بن حصینؓ نے اس سے اختلاف کیا اور دوسرے سکتے کا انکار کیا تو ان حضرات نے اس مسئلہ میں حضرت ابی بن کعبؓ کی طرف تحریری طور پر رجوع کیا تو حضرت ابیؓ نے جواب میں لکھا ان **حفظ سمرۃ** کہ حضرت سمرہؓ کو ٹھیک یاد ہے، دو ہی سکتے تھے۔
پہلا سکتہ تو بظاہر ثناء کے لیے تھا اور طویل تھا اور اس پر دونوں کا اتفاق تھا، دوسرا سکتہ اتنا لطیف تھا کہ حضرت عمران بن حصین اس کی طرف متوجہ نہیں تھے۔ اس سکتہ کا مختصر ہونا بتا رہا ہے کہ یہ مختصر عمل کے لیے تھا اور ظاہر ہے کہ یہی وقت آمین کا ہے۔ اور جب آمین کے وقت سکتہ ہے تو یہ بھی ظاہر ہے کہ آمین کا عمل جہراً نہیں تھا سراً تھا۔ اس سکتہ کے اختصار اور لطافت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ اتنا نہیں ہے جس میں شوافع کے خیال کے مطابق مقتدی فاتحہ کی قرأت کر سکے۔ یہاں یہ بات بھی ملحوظ رہے کہ یہ سکتہ کسی کے نزدیک واجب نہیں ہے اور شوافع کے یہاں مقتدی پر فاتحہ کی قرأت واجب ہے۔ اس لیے اس مسلک پر بڑی حیرت ہوتی ہے کہ فاتحہ کی قرأت تو واجب ہو اور اس کے لیے سکتہ واجب نہ ہو۔
نیز یہ کہ اگر مقتدی اس سکتے میں فاتحہ کی قرأت کرتا ہے تو مقتدی کی امام کے ساتھ آمین میں موافقت کا کیا طریقہ ہوگا؟ امام تو سورۂ فاتحہ کی قرأت کے فوراً بعد آمین کہے گا،

اور مقتدی ابھی فاتحہ کی قرأت میں مشغول ہے، ظاہر ہے کہ موافقت فوت ہو جائے گی اور اگر مقتدی امام کے ساتھ آمین کہتا ہے، پھر فاتحہ کی قرأت کرتا ہے تو مقتدی کی آمین فاتحہ سے مقدم ہوگئی حالانکہ روایت میں یہ ہے کہ آمین طابع یعنی مہر ہے جو ظاہر ہے کہ درخواست کی تمامیت کے بعد ہوتی ہے، اور اگر امام مقتدیوں کے انتظار میں آمین کو مؤخر کرتا ہے تو ایک بات تو یہ کہ امام کی فاتحہ اور آمین کے درمیان بہت فصل واقع ہو جاتا ہے جبکہ روایات میں ولا الضآلین کے فوراً بعد آمین کہنے کا حکم ہے، اور دوسری بات یہ ہے کہ امام کو یہ علم کیسے ہوگا کہ مقتدی فارغ ہو گئے ہیں، اس کی صورت یہی ممکن ہے کہ پہلے مقتدی آمین کہیں پھر امام کہے، ظاہر ہے کہ یہ صورت بھی غلط ہے کیونکہ مقتدی کو امام سے آگے بڑھنے سے صراحت کے ساتھ منع کیا گیا ہے، اور لاتبادر و الامام فرمایا گیا ہے، معلوم ہوا کہ اس سکتے میں اگر مقتدی فاتحہ کی قرأت کرتا ہے تو امام کے ساتھ آمین میں موافقت کی کوئی صورت ممکن نہیں، اس لیے انصاف کی بات یہی ہے کہ مقتدی پر فاتحہ نہیں ہے اور یہ سکتہ آمین کے لیے ہے، علامہ طیبیؒ نے بھی یہی لکھا ہے و الاظهر ان السكتة الاولىٰ للثناء و الثانية للتامين، ظاہر تر یہی ہے کہ پہلا سکتہ ثناء کے لیے ہے اور دوسرا آمین کے لیے۔

اسی طرح اس سکتہ کے بارے میں یہ کہنا بھی خلاف ہے کہ یہ سکتہ ليتر اد اليه نفسه سانس کو قائم اور درست کرنے کے لیے تھا کیونکہ اس صورت میں یہ اشکال ہوگا کہ مقتدی کو تو ولا الضآلین کے فوراً بعد آمین کہنے کا حکم دے دیا اور امام ابھی سانس کو قائم کرنے کے لیے سکتہ میں ہے، اور دوسری بات یہ ہے کہ حضرت سمرہؓ اور حضرت عمرانؓ کا اختلاف ظاہر ہے کہ ان سکتات کے بارے میں ہوا ہے جن میں کوئی دعا یا عمل مشروع ہے، سانس قائم کرنے والے سکتات تو طویل قرأت میں جگہ جگہ آئیں گے، ان میں اختلاف کے کوئی معنی نہیں۔

بہر حال حضرت سمرہؓ بن جندب کی روایت، اور حضرت ابن ابی بن کعب کی تصدیق سے یہ ثابت ہوا کہ ولا الضآلین کے بعد سکتہ ہوتا تھا اور سکتہ کے بارے میں بظاہر یہ طے ہے کہ یہ آمین کے لیے تھا تو معلوم ہو گیا کہ آمین کا عمل جہراً نہیں سراً کیا جاتا تھا۔

حضرت وائلؓ بن حجر کی روایت

علامہ عینیؒ نے لکھا ہے کہ یہ روایت مسند احمد، مسند ابوداؤد طیالسی، مسند ابو یعلیٰ، معجم

طبرانی، سنن دار قطنی اور مستدرک حاکم میں ہے:

شعبة عن سلمة بن کهیل عن حجر بن العنبس عن علقمه بن وائل عن ابیه انه صلی مع النبی ﷺ فلما بلغ غیر المغضوب علیهم ولا الضآلین قال آمین واخفی بها صوته.

ترجمہ: شعبہ، سلمہ بن کہیل سے روایت کرتے ہیں کہ حجر بن العنبس نے حضرت علقمہ بن وائل سے اور انھوں نے اپنے باپ حضرت وائل سے روایت بیان کی کہ انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔ جب آپ غیر المغضوب علیهم ولا الضآلین پر پہنچے تو آپ نے آمین کہی اور اس میں آواز کا اخفاء کیا۔

حاکم نے اس روایت میں کتاب القرأت میں وخفض بها صوته (آپ نے آواز کو پست کیا) نقل کیا ہے اور فرمایا ہے حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاه۔ اس حدیث کی سند صحیح ہے لیکن بخاری ومسلم نے اس کو روایت نہیں کیا (عینی ج ۵، ص ۵۰) بخاری اور مسلم کے نقل نہ کرنے کی وجہ اس روایت میں سفیان ثوری اور شعبہ کا اختلاف ہے، ورنہ روایت کی سند متصل ہے اور تمام راوی ثقہ ہیں۔

امام ترمذیؒ کے اعتراضات

آمین کے اخفاء پر اس روایت کی دلالت بالکل صریح ہے، لیکن امام ترمذی نے سنن ترمذی میں اس روایت کو نقل کرنے کے بعد، امام بخاری کے حوالے سے تین اعتراضات نقل کیے ہیں اور چوتھا اعتراض امام ترمذی نے اپنی دوسری کتاب العلل الکبیر میں امام بخاری کے حوالہ ہی سے نقل کیا ہے کہ علقمہ بن وائل کا اپنے والد سے سماع ثابت نہیں، بلکہ وہ اپنے والد کی وفات کے چھ مہینے بعد پیدا ہوئے ہیں، لیکن اس اعتراض کو خود امام ترمذی نے غلط قرار دیا ہے اور ترمذی ہی میں اس کی تردید کر دی ہے، لکھتے ہیں:

وعلقمة بن وائل سمع من ابیه وهو اکبر من عبد الجبار بن وائل و عبد الجبار بن وائل لم یسمع من ابیه۔ (ترمذی ج ۱، ص ۱۷۵)

علقمہ بن وائل بن حجر کا اپنے والد وائل سے سماع ثابت ہے، وہ عبدالجبار بن وائل سے بڑے ہیں اور عبدالجبار بن وائل کا اپنے والد سے سماع ثابت نہیں۔

امام بخاریؒ سے علقمہ کے سماع کے انکار کو نقل کرنے کے باوجود امام ترمذی نے سماع تسلیم کیا ہے، نیز یہ کہ مسلم، نسائی اور امام بخاری کے جزء رفع الیدین میں ایسی سندیں ہیں جن میں علقمہ کے اپنے والد حضرت وائل سے سماع کے صریح صیغے استعمال ہوئے ہیں مثلاً مسلم (ج ۲، ص ۶۱) باب صحة الاقرار بالقتل میں عبید اللہ بن معاذ عنبری کی سند سے جو روایت مذکور ہے اس میں عن علقمه عن وائل حدثه ان اباه حدثه الخ کے الفاظ ہیں، ان الفاظ میں ان اباه حدّثه علقمہ کے اپنے والد سے سماع کی تصریح کا صیغہ ہے، اسی طرح کے صیغے دیگر کتابوں کی سندوں میں موجود ہیں، جن سے اس اعتراض کی تردید ہو جاتی ہے، والد کی وفات سے چھ ماہ بعد پیدائش کی بات تو یوں بھی غلط ہے کہ عبد الجبار چھوٹے بھائی ہیں اور علقمہ بڑے، دونوں کی والدہ کا نام امّ یحیٰ ہے اور دونوں توام بھی نہیں ہیں، اس لیے والد کی وفات کے بعد پیدائش کی بات چھوٹے بھائی کے بارے میں ممکن ہے، بڑے بھائی کے بارے میں کیسے ممکن ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ امام بخاری نے اتنی کمزور بات کہی ہوگی، لیکن ترمذی نے چونکہ اُن کی طرف منسوب کرکے لکھی ہے، اس لیے اس کی وضاحت اور تردید بھی ضروری ہے۔

یہ اعتراض تو العلل الکبیر میں نقل کیا گیا تھا، اور یہ قطعاً غلط تھا، سننِ ترمذی میں جو تین اعتراضات نقل کیے گئے ہیں، ان کی تفصیل یہ ہے کہ امام ترمذی نے پہلے شعبہ کی روایت نقل کی پھر فرمایا کہ میں نے امام بخاری سے اس روایت کے بارے میں سوال کیا تو انھوں نے فرمایا کہ شعبہ نے اس روایت میں کئی غلطیاں کی ہیں، پھر تین غلطیاں بتائیں جن میں دو کا تعلق سند سے ہے اور ایک کا متن سے، اور وہ یہ ہیں:

(۱) پہلی غلطی یہ ہے کہ شعبہ نے حجر ابو العنبس کہا ہے جبکہ درست نام حجر بن العنبس ہے جن کی کنیت ابو السکن ہے۔

(۲) دوسری غلطی یہ ہے کہ انھوں نے علقمہ بن وائل کا نام روایت میں بڑھا دیا ہے، حالانکہ حجر ابن العنبس نے حضرت وائل سے بلا واسطہ روایت کی ہے۔

(۳) اور تیسری غلطی متن سے متعلق ہے کہ شعبہ نے خَفَضَ بها صوته نقل کیا ہے جبکہ اصل اور درست مدّ بها صوته ہے۔

پہلے اعتراض کا جواب

بظاہر بات بہت اہم معلوم ہوتی ہے کہ ایک بڑا امام، دوسرے بہت بڑے امام سے اعتماد کے ساتھ غلطیاں نقل کررہا ہے، لیکن تحقیق کرنے سے حقیقت یہ معلوم ہوئی ہے کہ سب باتیں بے وزن ہیں۔ علامہ عینیؒ اور دیگر محدثین نے ان کی اطمینان بخش جواب دہی فرمائی ہے جس سے تمام غلطیوں کا پوری طرح ازالہ ہوجاتا ہے۔

پہلے اعتراض کی غلطی اس طرح واضح ہے کہ حجر بن العنبس کی کنیت ابوالعنبس ہے۔ علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ ابن حبانؒ نے بہ صیغۂ جزم فرمایا ہے کنیتہ کاسم ابیہ یہ ان لوگوں میں ہیں جن کی کنیت ان کے باپ کے نام کی طرح ہے۔ ابن حبان نے کتاب الثقات میں یہ فرمایا ہے حجر بن العنبس ابو السکن الکوفی وھو الذی یقال له ابو العنبس، حجر بن العنبس جن کی کنیت ابوالسکن ہے کوفہ کے رہنے والے ہیں اور یہی وہ راوی ہیں جن کو ابوالعنبس بھی کہا جاتا ہے۔

شبہ کیا جاسکتا ہے کہ شاید یہ بات ابن حبان نے شعبہ کے اعتماد پر فرمائی ہو لیکن ایسا نہیں ہے کیونکہ کتبِ احادیث میں ایسی متعدد سندیں موجود ہیں جن میں سفیان ثوری نے بھی حجر کو ابوالعنبس کہا ہے۔ مثلاً ابوداؤد میں باب التامین کی پہلی روایت جو سفیان کے طریق سے آرہی ہے اس میں عن حجر ابی العنبس ہی دیا گیا ہے، اسی طرح دارقطنی نے باب التامین میں ایک سند اس طرح ذکر کی ہے ثنا وکیع والمحاربی قالا حدثنا سفیان عن سلمة بن کهیل عن حجر ابی عنبس و ھو ابن عنبس الخ گویا سفیان کے طریق میں صراحت کے ساتھ شعبہ کے ذکر کردہ نام کی تصدیق ہوگئی۔ رہا یہ کہ ان کی کنیت ابوالسکن ہے تو یہ کوئی اہم بات نہیں، ایک شخص کی دو یا دو سے زائد کنیتیں ہوتی ہیں، ان کی کنیت ابوالعنبس بھی ہے اور ابوالسکن بھی ہے۔ حافظ ابن حجر نے تلخیص الحبیر میں تسلیم کیا ہے، لامانع ان یکون له کنیتان حجر کی دو کنیت ہونے سے کوئی چیز مانع نہیں ہے۔

دوسرے اعتراض کا جواب

دوسرا اعتراض یہ ہے کہ شعبہ نے سند میں علقمہ کا اضافہ کردیا جبکہ حجر بلاواسطہ حضرت

وائلؓ سے روایت کرتے ہیں، یہ اعتراض پہلے اعتراض سے بھی کمزور ہے اور لاعلمی پر مبنی ہے کیونکہ اصولِ حدیث میں یہ بات تسلیم کی گئی ہے کہ ثقہ کی زیادتی مقبول ہے اور شعبہ سے زیادہ ثقہ کون ہوگا؟ نیز یہ کہ مسند احمد و مسند ابوداؤد طیالسی میں حجر نے اس کی تصریح کی ہے کہ میں نے یہ روایت حضرت وائل سے بلاواسطہ بھی سنی ہے اور علقمہ کے واسطہ سے بھی سنی ہے۔ سلمہ بن کہیل نقل کرتے ہیں **عن حجر ابی العنبس قال سمعت علقمة بن وائل یحدث عن وائل او سمعه حجر من وائل** (مسند احمد ج ۴، ص ۳۱۶) حجر ابوالعنبس کہتے ہیں کہ میں نے یہ روایت علقمہ بن وائل سے سنی ہے کہ وہ حضرت وائل سے حدیث بیان کرتے تھے اور حضرت وائل سے بھی سنی ہے، گویا جس روایت میں علقمہ کا اضافہ ہے وہ محدثین کی اصطلاح میں **المزید فی متصل الاسانید** کی قبیل سے ہے اور کوئی قابل اعتراض بات نہیں ہے۔

تیسرے اعتراض کا جواب

تیسرا اعتراض شعبہ اور سفیان کے اختلافِ الفاظ پر کیا گیا ہے کہ شعبہ نے **مدبها صوته** کی جگہ **اخفیٰ بها صوته** نقل کر دیا، جبکہ سفیان کو متعدد وجوہ سے ترجیح حاصل ہے، مثلاً یہ کہ شعبہ نے خود اعتراف کیا ہے **سفیان احفظ منی** سفیان حفظ میں مجھ سے بڑھے ہوئے ہیں، اسی طرح یحییٰ بن سعید نے فرمایا ہے **لیس احد احب الی من شعبة و اذا خالفه سفیان اخذت بقول سفیان** شعبہ سے زیادہ میرے نزدیک کوئی محبوب نہیں ہے لیکن اگر وہ سفیان کی مخالفت کریں تو میں سفیان کے قول کو اختیار کروں گا۔ امام ترمذی نے نقل کیا ہے کہ حافظ ابوزرعہ رازی نے بھی **حدیث سفیان فی هذا اصح** کہہ کر سفیان کی روایت کو ترجیح دی ہے۔ سفیان توری کی ترجیح کے سلسلے میں مزید اقوال بھی پیش کیے جاسکتے ہیں، وغیرہ وغیرہ۔

لیکن سفیان ثوری کے ہر طرح کے فضل و کمال اور شعبہ کے شاذ و نادر خطا کر جانے کے اعتراف کے باوجود حقیقت یہ ہے کہ محدثین کے یہاں شعبہ اور سفیان کی ایک دوسرے پر ترجیح کے سلسلے میں دونوں رائیں ملتی ہیں، ترمذی نے کتاب العلل میں نقل کیا ہے کہ خود سفیان ثوری نے شعبہ کو امیر المومنین فی الحدیث کہا ہے، اسی کتاب العلل میں یحییٰ بن سعید

سے جہاں مندرجہ بالا مقولہ اخذت بقول سفیان منقول ہے وہیں یہ بھی منقول ہے کہ پوچھنے والے نے پوچھا ایھما کان احفظ للحدیث الطوال سفیان او شعبۃ کہ طویل احادیث کا سفیان اور شعبہ میں سے کون زیادہ حافظ تھا تو یحییٰ بن سعید نے جواب دیا کان شعبۃ امرّ فیھا شعبہ اس میں زیادہ قوی تھے، یہ بھی لکھا ہے کہ کان شعبۃ اعلم بالرجال و کان سفیان صاحب الابواب شعبہ رجال حدیث کے زیادہ جاننے والے تھے اور سفیان فقہی ابواب کے، بلکہ یحییٰ بن سعید کے دونوں اقوال کا ظاہری مطلب تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اخذت بقول سفیان کا تعلق، سفیان کی فقہی رائے سے ہے یعنی ان کے نزدیک فقہی اختلافات کے موقع پر سفیان ثوری کو ترجیح حاصل ہے کہ وہ فقہی ابواب کے مردِ میدان ہیں، جبکہ حفظِ احادیث میں وہ شعبہ کو سفیان کے مقابلہ پر قوی تر قرار دے رہے ہیں اور اس کا مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ روایت کے سلسلے میں وہ شعبہ کو ترجیح دے رہے ہیں۔

تہذیب التہذیب میں شعبہ کی ترجیح سے متعلق متعدد ائمہ کے اقوال دیئے گئے ہیں جن میں کان شعبۃ اثبت منہ بھی ہے، لیس فی الدنیا احسن حدیثا من شعبۃ ومالک علی قلتہ بھی ہے اور ان میں امام دار قطنی کا یہ فیصلہ بھی ہے کان شعبۃ یخطی فی اسماء الرجال کثیر التشاغلہ بحفظ المتون کہ شعبہ سے جو اسماء رجال میں متعدد غلطیاں ہوئی ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ متن حدیث کے حفظ میں زیادہ مشغول رہتے تھے وغیرہ وغیرہ۔

اور زیر بحث روایت میں شعبہ کی طرف سند کی جن لغزشوں کا انتساب کیا گیا تھا ان کا غلط ہونا تو واضح ہو گیا، اب مسئلہ متن کا ہے تو دار قطنی کے فیصلہ کے مطابق شعبہ کی روایت کو ترجیح ہونی چاہیے کہ وہ حفظِ متون کا زیادہ اہتمام کرتے تھے، نیز یحییٰ بن سعید کے اخذت بقول سفیان کی رو سے بھی ترکِ جہر کو ترجیح ہونی چاہیے کیونکہ حضرت سفیان ثوری اگرچہ روایت مدّ بھا صوتہ کی لا رہے ہیں مگر ان کا عمل ترکِ جہر کا ہے، اور یہ مسئلہ فقہی ابواب کا ہے، جس میں یحییٰ بن سعید کے فیصلہ کے مطابق انہیں ترجیح حاصل ہے۔

ترجیح کی بحث خلافِ اصول ہے

دونوں ائمہ کے درمیان ترجیح کی یہ گفتگو امام ترمذی کے تبصرے کی وجہ سے آ گئی، ورنہ

حقیقت یہ ہے کہ اصولِ حدیث کی رو سے ترجیح کا عمل اس وقت اختیار کیا جاتا ہے جب تطبیق کی کوئی صورت نہ ہو، یہاں صورتِ حال یہ ہے کہ ترجیح سے پہلے تطبیق اور جمع بین الروایتین کے عمل کو اختیار کرنے کے خصوصی دواعی بھی ہیں، مثلاً علامہ عینیؒ نے دو باتیں ارشاد فرمائی ہیں۔ ایک بات تو یہ کہ **تخطیتہ مثل شعبة خطأ وکیف وھو امیر المومنین فی الحدیث** شعبہ جیسے ائمہ کو خطاوار قرار دینا غلط ہے۔ یہ بات کیسے درست ہوسکتی ہے جبکہ وہ امیر المومنین فی الحدیث ہیں، یعنی شعبہ کا امیر المومنین فی الحدیث ہونا تو محدثین کے یہاں مسلّم ہے، پھر یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ وہ مختصر سی روایت میں اتنی غلطیاں کر جائیں یا یوں کہیے کہ جس شخص کا یہ حال ہو کہ وہ چھوٹی سی روایت میں اتنی غلطیاں کر ڈالے اس کو کون امیر المومنین فی الحدیث کہے گا۔

دوسری بات علامہ عینیؒ نے یہ ارشاد فرمائی **لایضر اختلاف شعبة وسفیان لانّ کلا منھما امام عظیم فی ھذا الشان فلاتسقط روایة احدھمابروایة الآخر**، سفیان اور شعبہ کا اختلاف روایت کے لیے مضر نہیں کیونکہ دونوں کی جلالتِ شان مسلّم ہے، اس لیے ان میں سے کسی ایک کی روایت کو دوسرے کی وجہ سے ساقط نہیں کیا جاسکتا۔

اس لیے اصولِ حدیث کی رعایت، حضرت شعبہ کی طرف غلطی کے انتساب سے بچنے اور دونوں ائمہ حدیث کی جلالتِ شان کے احترام کا تقاضہ یہ تھا کہ ترجیح کے بجائے تطبیق بین الروایات کا عمل اختیار کیا جاتا مگر حیرت ہے کہ اس کی طرف توجہ نہیں کی گئی اور ترجیح کا ثانوی اور غیر ضروری عمل شروع کردیا گیا، تطبیق کی متعدد صورتیں ممکن تھیں۔

جمع بین الروایات کی صورتیں

(۱) مثلاً یہ کہ دونوں روایتوں کو تعدد واقعہ پر محمول کرلیا جاتا کہ اوّل تو حضرت وائلؓ بن حجر کی بارگاہِ رسالت میں حاضری ایک سے زائد بار ہوئی ہے اور آمین کا عمل تو ہر نماز میں کیا جاتا ہے، ایک ہی سفر میں جہر اور سر دونوں طرح کی باتوں کا علم میں آنا ممکن ہے، اس لیے اس میں کوئی استبعاد نہیں ہے کہ حضرت وائلؓ نے دونوں باتیں بیان کی ہوں، ایک بات سفیانؒ ثوری کی روایت میں آگئی اور دوسری بات شعبہؒ کی روایت میں۔ ابن جریر طبری شعبہؒ اور سفیانؒ کی روایت کو الگ الگ تسلیم کررہے ہیں، کہتے ہیں **والصواب ان**

المخبرين بالجهر والمخافتة صحيحان وعمل بكل من فعليه جماعة من العلماء وان كنت مختاراً خفض الصوت بها اذ كان اكثر الصحابة والتابعين على ذالك (الجوہرالنقی علی البیہقی، ج۲،ص۸۵) ابن جریر نے اس عبارت میں جہراور اخفاء کی دونوں روایتوں کو صحیح تسلیم کیا ہے اور یہ فرمایا ہے کہ ان دونوں روایتوں پر علماء کی جماعت کا الگ الگ عمل ہے، اگر چہ وہ خود اخفاء کے عمل کو اختیار کرتے ہیں اور اس کی وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ اکثر صحابہ اور اکثر تابعین کا عمل اسی کے مطابق رہا ہے۔

(۲) تطبیق کی دوسری صورت یہ ہے کہ حضرت شعبہ کی روایت میں جو اخفاء ہے اس کو عام معمول قرار دیا جائے کہ جمہور صحابہ و تابعین کے تعامل اور توارث سے اسی کی تائید ہوتی ہے اور حضرت سفیان کی روایت میں جو مدِ صوت یا رفعِ صوت سے جہر کا انداز معلوم ہو رہا ہے اس کو اتفاق پر محمول کیا جائے جس کا مقصد تعلیم دینا تھا، اس سے جہر کا جواز ثابت ہو جائے گا اور اس کی تائید اس طرح ہوتی ہے کہ حافظ ابوالبشر دولابی نے کتاب الاسماء والکنیٰ میں روایت ذکر فرمائی ہے اس میں صراحت ہے کہ مدِ صوت کا مقصد ہمیں تعلیم دینا تھا۔ الفاظ یہ ہیں فقال آمين يمد بها صوته ما اراه الا ليعلمنا، آپ نے آمین کہا اور اس میں آواز کو کھینچا، میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ کا مقصد صرف ہمیں تعلیم دینا تھا۔ تعلیم کا مقصد یوں بھی واضح ہے کہ حضرت وائل حضرموت کے شاہی خاندان کے فرزند ہیں، خدمتِ اقدس میں دین سیکھنے کے لیے حاضر ہوئے ہیں، عملی طور پر انھیں دین سکھایا جا رہا ہے تو ان باتوں سے یہ معلوم کرنا آسان ہے کہ مقصدِ تعلیم ہی رہا ہوگا۔

علامہ کشمیریؒ اور علامہ شوق نیمویؒ کا ارشاد

(۳) تطبیق کا سب سے معتبر اور عمدہ طریقہ وہ ہے جسے حضرت علامہ کشمیریؒ اور علامہ شوق نیمویؒ نے اختیار فرمایا ہے کہ یہ الگ الگ دو روایتیں نہیں ہیں، ایک ہی روایت ہے اور اخفى صوته، نیز مد بها صوته میں جو مضمون بیان کیا گیا ہے اس میں کوئی تضاد نہیں ہے بلکہ اس میں حقیقت یہ معلوم ہوتی ہے کہ اس موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آمین اس طرح کہا جس میں جہری قرأت یا تکبیرات انتقال کی طرح جہر نہیں تھا، نسائی کی عبدالجبار بن وائل کی مرسل روایت سے یہ بات اچھی طرح سمجھی جا سکتی ہے جس میں حضرت وائل نے

فرمایاقال آمین فسمعته و انا خلفه حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آمین کہااور میں نے اس لیے سن لیا کہ میں آپ کے پیچھے تھا، حضرت ابو ہریرہؓ کی ابوداؤداور مسندِ حمیدی کی روایت سے بھی اسی مضمون کی تائید ہوتی ہے جس میں فرمایا گیا ہے قال آمین یسمع من یلیه من الصف الاوّل کہ آپ اس طرح آمین کہتے تھے کہ پہلی صف میں جولوگ آپ کے قریب ہوتے وہ آواز سن لیتے تھے، ان روایات کا مطلب صاف ہے کہ آمین کہنے میں جہر متعارف نہیں تھا بلکہ بسااوقات آپ نے سانس کھینچ کراس طرح ادا کیا کہ قریب کے چند لوگوں تک آواز پہنچ گئی، گویا دوسری صف میں آواز نہیں پہنچی اور پہلی صف میں یمیناً وشمالاً جو لوگ دوسری صف کے بقدر فاصلے پر تھے وہ بھی آواز نہیں سن سکے۔

اسی طرح روایت میں اخفی بها صوته یاخفض بها صوته آرہا ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ آواز پست تھی، یعنی جہری قرأت یا تکبیراتِ انتقال میں جہر کی بہ نسبت، آمین کی آواز پست تھی اس کا یہ مطلب نہیں کہ آواز بالکل سنی نہیں جاسکتی تھی۔اس تطبیق کا حاصل یہ ہوا کہ مدِ صوت، رفعِ صوت، اخفاءِ صوت اور خفضِ صوت کی جتنی تعبیرات ہیں سب کا حاصل یہ ہے کہ آواز میں نہ تو اتنی پستی تھی کہ انسان خود بھی نہ سن سکے اور قریب کے مقتدی بھی نہ سکیں، اور نہ اتنی بلند تھی کہ دُور کے لوگوں تک آواز پہنچ جائے۔اس مضمون کی تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ حضرت سفیانؒ، روایت تو رفعِ صوت کی ذکر کرتے ہیں اوران کا عمل آمین بالسر کا ہے۔اس کی وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ انھوں نے مد بها صوته کا مطلب جہر متعارف نہیں لیا۔

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت وائل کی روایت میں پائی جانے والی مختلف تعبیرات پر غور و تدبر کے بعد یہ نتیجہ صحیح معلوم ہوتا ہے کہ حضرت وائل یہ کہنا چاہتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے آمین کا جو انداز سنا ہے اس میں اخفاء اس طرح کا نہیں تھا جسے ایک مقتدی بھی نہ سن سکے۔اسی طرح جہر بھی ایسا نہیں تھا کہ مسجدِ نبوی کے تمام مقتدیوں تک آواز پہنچ جائے بلکہ آپ نے اخفاء کے باوجود خاص انداز سے سانس کو کھینچ کر آمین کہا جسے قریب کے مقتدیوں نے سنا اور میں بالکل پیچھے ہی تھا، اس لیے حضرت علامہ کشمیری اور علامہ شوق نیمویؒ اپنے ذوقِ سلیم کی مدد سے یہ سمجھ رہے ہیں کہ حضرت سفیان اور حضرت شعبہ کی روایات میں جو متعدد تعبیرات ہیں ان میں اصل تعبیر وہی معلوم ہوتی ہے جسے نسائی نے ذکر

کیا ہے فسمعته و انا خلفه باقی مدّ، رَفع، اخفی اور خفض وغیرہ روایت بالمعنیٰ کی قبیل سے ہیں اور صحیح ہیں اور مطلب یہ ہے کہ یہ ایک ایسی کیفیت ہے جسے ایک گونہ اخفاءِ صوت اور ایک گونہ مدِ صوت کہا جاسکتا ہے، لیکن اصطلاح میں اس کو سر ہی کہا جائے گا کیونکہ قریب کے ایک دو آدمیوں کا سن لینا سر کے منافی نہیں ہے، فقہ کی کتابوں میں اس کی صراحت کی ہے، حضرت وائل بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل سے سر ہی سمجھ رہے ہیں کیونکہ وہ اپنے سماع کو مدلل طور پر ثابت کرنے کے لیے فسمعته و انا خلفه فرما رہے ہیں گویا وہ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ تمام مقتدیوں تک آواز نہ پہنچنے کے باوجود میں نے اس لیے سن لیا کہ میں بالکل قریب تھا، نیز یہ کہ اگر آمین میں بالکل آواز نہ ہوتی تو وہ سمعته کیسے فرمادیتے، معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مدِ صوت میں معمولی آواز پیدا ہوگئی تھی جس میں حقیقتِ سر کے تحفظ کے باوجود مسموع ہونے کی صفت پائی جاتی تھی۔

تطبیق کی مختلف صورتوں کو بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ جب اصولِ حدیث میں یہ مسلّم ہے کہ اگر روایات میں مضمون کا اختلاف ہو جسے حضراتِ محدثین النوع المسمّیٰ بمختلف الحدیث کہتے ہیں تو سب سے پہلے تطبیق اور جمع بین الروایات کا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے اور ایک ہی روایت میں الفاظ کے اختلاف سے مضمون مختلف ہوجائے تو بدرجۂ اولیٰ تطبیق کا طریقہ اختیار کرنے کی اہمیت بڑھ جائے گی اور جمع بین الروایات ممکن نہ ہو تو ثانوی درجہ میں ترجیح کی صورت اختیار کی جاتی ہے، یہاں شعبہ اور سفیان کی روایت میں آسانی کے ساتھ تطبیق ممکن ہے، پھر یہ کہ شعبہ جیسے جلیل القدر ائمہ کی شان کا تقاضہ ہے کہ ان کی طرف غلطی کے انتساب سے تابمقدور بچنا چاہیے، مگر ان تمام تقاضوں کے باوجود سمجھ میں نہیں آتا کہ ترجیح کا طریقہ کیوں اختیار کیا گیا۔ واللہ اعلم۔

باب فصل التامین

آمین کی فضیلت کا بیان

حدثنا عبد الله بن یوسف قال: اخبرنا مالک عن ابی الزنادِ، عن الاعرج عن ابی هریرة انّ رسولَ الله ﷺ قال: اذا قالَ احدُكم آمین

وقالت الملائكة في السمآء آمين فوافقتْ احداهما الاخرىٰ غفرله ماتقدّم من ذنبه.

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی آمین کہتا ہے اور فرشتے آسمان میں آمین کہتے ہیں اور ایک کی آمین دوسرے کی آمین سے موافقت کرجاتی ہے تو اس کے پچھلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

مقصد ترجمہ اور تشریح حدیث: آمین کی فضیلت بیان کرنا چاہتے ہیں کہ ایک آسان لفظ ہے۔ تلفظ میں کوئی دشواری نہیں اور فضیلت کی یہ شان کہ پچھلے گناہوں کی مغفرت کا انتظام ہوجائے، روایت میں ''احدکم'' کا لفظ آیا ہے جو مطلق ہے امام ہو یا مقتدی یا خارج صلوٰۃ میں، اس لیے مطلب یہ ہوگا کہ سورۂ فاتحہ کی قرأت کے بعد آمین کہنے والا کوئی بھی ہو، اگر فرشتوں کی آمین سے موافقت میسر آگئی تو پچھلے گناہوں کی مغفرت ہوجائے گی، لیکن اسی روایت میں مسلم میں **اذا قال احدکم فی صلوته** وارد ہوا ہے جس کا مطلب یہ ہوگا کہ یہ فضیلت نماز کے بارے میں ہے، عام نہیں ہے۔

قالت الملائکة فی السماء الخ ظاہرالفاظ کا تقاضہ ہے کہ تمام فرشتے آمین کہتے ہیں، مگر بعض حضرات نے کہا کہ حفاظت کے فرشتے مراد ہیں، کسی نے کہا ہے کہ دن اور رات میں یکے بعد دیگرے آنے والے فرشتے مراد ہیں۔ کسی نے کہا کہ نماز میں شرکت کرنے والے فرشتے مراد ہیں۔ مسند عبدالرزاق میں حضرت عکرمہ سے منقول ہے **صفوف أهل الارض علی صفوفِ أهل السماء فاذا وافق آمین فی الارض آمین فی السماء غفر للعبد**۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ آسمان پر بھی صف بندی ہوتی ہے اور وہاں فرشتے آمین کہتے ہیں۔

فوافقت احداهما الاخری الخ بعض حضرات نے کہا کہ فرشتوں کے ساتھ اخلاص میں موافقت مراد ہے، مگر یہ مشکل کام ہے فرشتوں کا اخلاص اعلیٰ درجہ کا ہے، اگر مغفرتِ ذنوب کا مدار اخلاص میں موافقت پر رکھا جائے تو عام اہل ایمان کو اس فضیلت کا حاصل کرنا دشوار ہوجائے گا اسی طرح موافقت کا ایک طریقہ جہر اور سر میں موافقت بھی ہے اور ظاہر ہے کہ فرشتوں کی آمین میں اخفاء ہے اس طریقہ میں موافقت آسان ہے مگر سیاق کلام سے اس کی تائید نہیں ہوتی، اس لیے سب سے قریب معنی یہ ہیں کہ وقت میں موافقت

مراد لی جائے کہ جس وقت فرشتے آمین کہتے ہیں، اسی وقت میں انسان بھی آمین کہے تو گناہوں کی مغفرت کی فضیلت حاصل ہو جائے گی۔

باب سابق میں یہ بات آچکی ہے کہ اس روایت کا اصل مقصد، آمین کی فضیلت کا بیان ہے۔ جہر اور سر کا مسئلہ مقصد اصلی سے بالکل الگ ہے۔ امام بخاری نے بھی عنوان کے ذریعے اس حقیقت کو تسلیم فرمایا ہے، یہ الگ بات ہے کہ وہ اس سے اپنے موقف پر استدلال بھی کررہے ہیں۔ واللہ اعلم۔

باب جهر المأموم بالتامين

مقتدی کے آمین کو جہراً کہنے کا بیان

حدثنا عبدالله بن مسلمة، عن مالک، عن سُمي مولیٰ ابی بکر، عن ابی صالح السمان، عن ابی هريرة انّ رسول الله ﷺ قال: اذا قال الامام غير المغضوب عليهم ولا الضآلين فقولوا آمين فانّه من وافق قوله' قولَ الملائكة غفرله' ماتقدم من ذنبه، تابعه محمّدُ بن عمرو، عن ابی سلمة، عن ابی هريرة عن النبی ﷺ ونعيم المجمر عن ابی هريرة عن النبی ﷺ۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب امام غير المغضوب عليهم ولا الضآلين کہے تو تم آمین کہو اس لیے کہ جس کے آمین کہنے کی فرشتوں کے آمین کہنے سے موافقت ہو جائے گی تو اس کے تمام پچھلے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ اس روایت میں سُمی مولی ابی بکر کی، محمد بن عمرو نے بہ سند ابو سلمہ عن ابی ہریرہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم متابعت کی ہے، اور نعیم المجمر نے بہ سند ابو ہریرہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم متابعت کی ہے۔

مقصد ترجمہ: مقصد الفاظ سے واضح ہے کہ مقتدی کے لیے بھی آمین میں جہر کرنا مستحب ہے۔ دلیل یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب امام غير المغضوب

علیه ولا الضآلین کہے تو تم آمین کہو، ظاہر ہے کہ قولوا آمین میں جہر کی صراحت نہیں ہے، اس لیے امام بخاری کے موقف پر استدلال کے لیے اشارات سے کام لینا ہوگا۔ شارحین نے مختلف طریقے اختیار کیے ہیں، جس میں حافظ ابن حجر کا پسندیدہ طریقہ تو باب جهر الامام میں بیان کیا جاچکا ہے کہ مقامِ خطاب قولِ مطلق سے جہر مرادلیا جاتا ہے، مگر یہ بھی بیان ہو چکا ہے کہ یہ ضابطہ درست نہیں ہے۔ مثالوں کے ساتھ واضح کیا جاچکا ہے کہ متعدد احادیث میں خطاب کے موقع پر مطلق قول کا استعمال ہوا ہے اور وہاں جہر مراد نہیں لیا گیا، علامہ عینی نے اصولی رنگ میں اس کا جواب دیا ہے کہ قول مطلق، جہر اور اخفاء کی دونوں صورتوں پر برابری کے ساتھ مشتمل ہے اس لیے جہر کی تخصیص تحکم یعنی زبردستی کی بات ہے۔

استدلال کا دوسرا طریقہ یہ ہوسکتا ہے کہ امام کی جانب جس قول کی نسبت کی گئی ہے اس میں جہر معتبر ہے یعنی امام غیر المغضوب علیهم ولا الضآلین کو جہراً کہتا ہے تو مقتدی کی جانب جس قول کی نسبت کی گئی ہے یعنی مقتدی کو جو آمین کہنے کا حکم دیا گیا ہے اس میں بھی جہر معتبر ہونا چاہیے تاکہ امام اور مقتدی کا تقابل صحیح ہو جائے اور توافق برقرار رہے لیکن کوئی قاعدہ اس کا متقاضی نہیں ہے اور اس استدلال کی حیثیت ایک لطیفہ سے زیادہ نہیں ہے، انصاف کی بات یہ ہے کہ موضوعِ بحث، امام اور مقتدی کی آمین، بہ صفت جہر ہے، روایتِ باب میں امام کی آمین ہی کا پتہ نہیں ہے۔ صفت جہر تو بعد کی بات ہے، البتہ مقتدی کی آمین روایت میں مذکور ہے اور اس کے لیے لفظِ قولوا آمین ارشاد فرمایا گیا ہے اور یہ بات واضح ہوچکی ہے کہ لفظِ قول کا اطلاق جہر اور اخفاء پر یکسانیت کے ساتھ ہے۔ رہا یہ کہنا کہ امام غیر المغضوب علیهم ولا الضالین جہراً کہتا ہے، اس لیے مقتدی کو آمین جہراً کہنا چاہیے تو یہ عجیب بات ہے۔ ظاہر ہے کہ امام جہری نمازوں میں سورۂ فاتحہ کی قرأت میں جہر کرے گا، اور مقتدی یا تو قرأت نہیں کرے گا جیسا کہ جمہور کا مسلک ہے یا اگر قرأت کرے گا تو سری کرے گا جیسا کہ شوافع کا مسلک ہے، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب امام کی قرأت کا جہر، مقتدی کی قرأت میں جہر کا مقتضی نہیں تو آمین میں جہر کا تقاضہ کیسے پیدا ہو جائے گا؟ اس لیے ہم تو یہ سمجھ رہے ہیں کہ امام بخاریؒ کے موقف پر اس روایت سے استدلال کرنا مشکل ہے اور بات بنانے کی ہر کوشش بے سود ہے۔

تابعه الخ روایت سے اگر چہ مدعا پر استدلال تام نہیں، مگر امام بخاری چونکہ استدلال کر رہے ہیں اس لیے روایت کی تقویت کے لیے دو متابعت بھی پیش کی ہیں، پہلی متابعت محمد بن عمرو بن علقمہ لیثی کی ہے جو مسندِ احمد اور دارمی میں ہے اور اس کے الفاظ ہیں **اذا قال الامامُ غیرِ المغضوب علیھم ولا الضآلین فقال من خلفه آمین الخ** اور دوسری روایت نعیم المجمر کی ہے جو نسائی اور صحیح ابن خزیمہ وغیرہ میں ہے اس کے الفاظ ہیں **حتی بلغ ولا الضآلین فقال آمین وقال الناس آمین** ان متابعات میں بھی مقتدی کے آمین میں جہر کرنے کی تصریح نہیں صرف قال آمین ہے جس پر بحث ہو چکی ہے۔

موضوع پر اجمالی نظر اور فیصلہ

آمین کے موضوع پر امام بخاریؒ کے پیش کردہ دلائل پر گفتگو ختم ہوئی اور ان سے یہ بات معلوم ہوئی کہ امام بخاریؒ کے پاس امام یا مقتدی کے حق میں جہر کی اولویت ثابت کرنے کے لیے کوئی صریح روایت نہیں ہے اور نہ صرف یہ کہ صحیح بخاری میں پیش کرنے کے لائق کوئی روایت نہیں ہے جس میں ان کی شرائط بہت سخت ہیں بلکہ **جزء القراءۃ خلف الامام** میں بھی انھوں نے اس موضوع پر گفتگو کی ہے، اس رسالہ میں ہر طرح کی روایات ہیں۔ حد یہ ہے کہ ضعیف روایتیں بھی ہیں مگر وہاں بھی وہ حضرت وائلؓ کی روایت کے علاوہ کوئی حدیث پیش نہ کر سکے اور اسی مجبوری میں انھیں اپنا مسلک ثابت کرنے کے لیے اشارات سے کام لینا پڑا ہے۔ حدیث پاک کی دیگر کتابوں میں بھی جہر کی اولویت ثابت کرنے کے لیے کوئی صحیح اور صریح روایت نہیں ہے بلکہ روایات پر نظر کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آمین میں جہر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول نہیں ہے اور اسی لیے صحابہ و تابعین کا تعامل بھی جہر کا نہیں رہا ہے، اس لیے اصل تو یہ ہے کہ اس مسئلہ میں اختلاف ہی نہ ہونا چاہیے تھا، مگر اختلاف کی بنیاد یہ ہوئی کہ اگر چہ آپ کا معمول آمین بالسر کا رہا لیکن اتفاقاً یہ کلمہ زبان سے اس طرح بھی ادا کیا گیا ہے جسے قریب کے چند لوگوں نے سن لیا اس کو جہر سمجھنا صحیح نہیں تھا لیکن بعض حضرات نے اس کو جہر سمجھ لیا اور اختلاف پیدا ہو گیا اور فقہاء و محدثین نے اپنے اپنے اصول اور ذوق کے مطابق مذہب اختیار کیے۔ اس طرح کے اختلاف میں تعامل سلف کو بنیاد بنایا جائے تو فیصلہ تک پہنچنا آسان ہوتا ہے اور اصولاً یہی

مطابق یہ کہا جا سکتا ہے۔

(۱) خلفاء راشدین اور جمہور صحابہ و تابعین کا عمل آمین بالسر کا رہا ہے اس لیے نتیجہ ظاہر ہے کہ سر اور اخفاء افضل ہے۔

(۲) اور اگر کسی روایت سے کسی موقع پر جہر کا قرینہ معلوم ہوتا ہے تو وہ تعلیم وغیرہ کی مصلحت پر محمول ہے کہ آپ نے قدرے آواز اُٹھا کر آمین کا موقع بتا دیا یا آمین کہنے کا طریقہ بتا دیا کہ یہ لفظ اس طرح ادا کیا جائے، یہ لفظ مشدد اور مقصور نہیں، پہلے الف ممدودہ ہے، پھر میم غیر مشدد ہے پھر یا ہے اور آخر میں نون ہے وغیرہ۔

(۳) نیز یہ کہ کسی صحیح روایت سے تو جہر کی اولویت کا ثبوت ممکن نہیں ہے لیکن اس موقف کو ثابت کرنے کے لیے ضعیف روایتوں کا سہارا لیا جائے تو ان کو بھی تعلیم کی مصلحت یا بیان جواز پر محمول کیا جا سکتا ہے۔ واللہ اعلم۔